58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 119 | صفحات : 08 | یکم مئی ۲۰۲۶ بروز جمعتہ المبارک بمطابق ۱۳ ذوالقعدۃ ۱۴۴۷ | Friday 01st May 2026 | جلد نمبر 58




### کارکردگی پر اسٹیو اسمتھ برہم

پی ایس ایل ۱۱ کے ایلیمینیٹر ون میں ناقص کارکردگی کے بعد اسٹیو اسمتھ غصے میں نظر آئے اور ڈریسنگ روم میں بیٹ زمین پر دے مارا۔ تفصیلات کے مطابق ایلیمینیٹر ون میں حیدرآباد کنگزمین نے ملتان سلطانز کو آٹھ وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کی دوڑ سے باہر کر دیا۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے۔ (تفصیلات اندر)



### کوبی نے معاہدے پر دستخط کردیے

مانچسٹر یونائیٹڈ کے مڈ فیلڈر کوبی مینو نے ۲۰۳۱ تک نئے معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں، جس کے ساتھ ہی ان کے مستقبل کے حوالے سے گزشتہ کئی ماہ سے جاری غیر یقینی صورتحال ختم ہو گئی ہے۔۲۱ سالہ انگلش انٹرنیشنل کھلاڑی کوبی مینو کا پچھلا معاہدہ ۲۰۲۷ میں ختم ہونا تھا، تاہم اس میں ایک سال کی توسیع کا اختیار موجود تھا۔ (تفصیلات اندر)

# ”وندے بھارت ٹرین“ بالآخر چل پڑی

## وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے توسیع شدہ ریل کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کردیا

سرینگر/اے پی آئی نیوز کے مطابق مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے جموں سے کٹرا تک توسیع شدہ وندے بھارت ایکسپریس کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا اور کہا کہ ریل کی حفاظت کیلئے بہتر دیکھ بال کے نظام کو مزید مضبوط بنایا جارہا ہے جبکہ اگلا بڑا ہدف جموں سرینگر ریل لائن کی گنجائش میں اضافہ کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قاضی گنڈ سے ارنیا گھر تک ٹریک کو دو لائنوں میں تبدیل کرنے سے اس روٹ پر مزید ٹرینیں چلانا ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یورپ میں استعمال ہونے والی جدید ٹیکنالوجی اب جموں وکشمیر میں بھی استعمال کی جارہی ہے جس سے مال برداری میں نمایاں فائدہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر سے دہلی تک 2 کروڑ کلو گرام سیب ریل کے ذریعے منتقل کئے گئے۔ چیری کیلئے 32 بوگیاں بک کی گئی ہیں۔ اشونی ویشنو نے کہا کہ جموں، کٹرا، سرینگر روٹ پر وندے بھارت ایکسپریس بڑی کامیابی ثابت ہوئی ہے، جس میں سو فیصد بکنگ، زیادہ مسافر اور جدید ٹیکنالوجی کے باعث شدید سردی میں بھی بغیر کسی رکاوٹ کے آپریشن ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹرین منفی 10 ڈگری درجہ حرارت میں بھی چل سکتی ہے اور اس کے نظام کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ پانی جمنے نہ پائے۔ نئی 20 بوگیوں والی ٹرین میں جدید الیکٹرانکس اور تقریباً 3000 مائیکرو چپس نصب کی گئی ہیں۔ مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس کامیابی کا سہرا وزیر اعظم نریندر مودی اور اشونی ویشنو کو دیتے ہوئے کہا کہ طویل عرصے سے زیر التوا کشمیر ریلوے رابطہ اب مکمل ہو چکا ہے۔ یہ ٹرین جو پہلے سرینگر سے شری ماتا ویشنو دیوی کٹرا تک چلتی تھی، اب جموں توی/1





## وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی

### بدھ پورنیما کے موقعہ پر مبارک باد

جموں/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج بدھ پورنیما کے موقعہ پر لوگوں کو مبارک باد دی۔ وزیر اعلیٰ نے اپنے مبارک بادی کے پیغام میں گوتم بدھ کی تعلیمات کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ یہ تعلیمات انسانیت کو امن، ہمدردی اور عدم تشدد کے راستے کی طرف رہنمائی کرتی رہتی ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ بدھ کا پیغام محبت، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا لازوال اہمیت کا حامل ہے اور موجودہ دور میں خاص اہمیت رکھتا ہے جب دُنیا ہم آہنگی اور باہمی مفاہمت کی متلاشی ہے۔




# ڈوڈہ میں ڈرگ فری جموں و کشمیر مہم میں لیفٹیننٹ گورنر کی شرکت

## کہا، منشیات کی سمگلنگ دہشت گردی سے کم نہیں اور اس میں ملوث اَفراد کو سخت سزا دی جائے گی

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل ڈوڈہ میں ڈرگ فری جموں وکشمیر مہم کا آغاز کیا اور شہریوں کو منشیات کے خلاف متحرک کیا۔ اِس موقعہ پر لیفٹیننٹ گورنر نے اِجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ منشیات کے خلاف عوامی تحریک ان کے عزم اور اتحاد کی عکاس ہے اور اس ناسور کا خاتمہ اسی وقت ممکن ہے جب معاشرہ متحد ہو کر ایک آواز میں اس کے خلاف کھڑا ہو۔ اُنہوں نے کہا کہ منشیات کی سمگلنگ دہشت گردی سے کم نہیں اور اس میں ملوث اَفراد کو سخت سزا دی جائے گی۔ اُنہوں نے کہا،”میرا پختہ یقین ہے کہ منشیات کا استعمال خاموش دہشت گردی کی ایک شکل ہے، صرف قانون اور نظم وضبط کا معاملہ نہیں۔ منشیات کی سمگلنگ بھی روپ دھار کر دہشت گردی کی نمائندگی کرتی ہے۔ یہ ایک پوشیدہ خطرہ ہے جو ہمارے نوجوانوں کو تباہ کرتا ہے، کنبوں کو کمزور کرتا ہے اور معاشرے کی بنیادوں کو کھوکھلا کرتا ہے۔“ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،”ہم نے فیصلہ کیا ہے کہ جموں وکشمیر میں منشیات کے سمگلروں کے ساتھ قانون کے تحت وہی سلوک کیا جائے گا جو دہشت گردوں کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ یہ معاشرے، اِنسانیت اور ہماری نوجوانوں کے دُشمن ہیں۔ ہم اس خطرے کو ختم کرنے کے لئے پُرعزم ہیں۔“ اُنہوں نے مزید کہا کہ ہر منشیات سمگلر، ہر مقامی سپلائر اور ہر وہ فرد جو منشیات کے نیٹ ورک کے ذریعے معاشرے کو تباہ کرنے میں لگا ہوا ہے، اس کی شناخت کر کے اسے جیل کی سلاخوں کے پیچھے ڈالا جائے گا۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،”میں آپ کو یقین دِلاتا ہوں: ہم اس وقت تک آرام نہیں کریں گے جب تک اس زہر کو پھیلانے والے تمام نیٹ ورکس کو مکمل طور پر ختم نہیں کیا جاتا۔“ اُنہوں نے کہا کہ اس مہم میں کامیابی کا راستہ مشکل ہے اور چیلنج بڑا ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ 100 دن کی اس مہم میں سے 80 دن باقی ہیں اور اب ہر دن اِنتہائی اہم ہے۔/4



## ٹرین کے ذریعہ ماروتی کاروں کی روانگی دیکھ کر بہت خوشی ہوئی

### وزیر ریلوے کا شکریہ کرتے ہوئے عمر عبداللہ کا ڈرائی پورٹ کا مطالبہ



سرینگر/ یو پی آئی/ جموں سے سرینگر تک وندے بھارت ٹرین کی براہ راست سروس کے آغاز کے موقع پر منعقدہ تقریب میں جموں وکشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بدھ کے روز مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو کا شکریہ ادا کرتے ہوئے یو ٹی میں ایک ”ان لینڈ ڈرائی پورٹ“ قائم کرنے کا مطالبہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اس سے نہ صرف تجارت میں آسانی آئے گی بلکہ برآمدات اور کاروباری سرگرمیوں میں بڑا اضافہ ہوگا۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ ”میں جموں وکشمیر کے عوام کی طرف سے وزیر ریلوے اور مرکزی حکومت کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے ریل کے ذریعے جموں کو کشمیر سے جوڑ دیا۔“ انہوں نے کہا کہ وندے بھارت ٹرین نے نہ/2

## شوپیان فروٹ منڈی میں بوئلر کے پھٹ جانے کے نتیجہ میں دو انجینئر ہلاک

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع شوپیان کی فروٹ منڈی اگلر میں بدھ کی شام ایک افسوسناک صنعتی حادثہ پیش آیا، جہاں کولڈ اسٹوریج یونٹ کے اندر نصب سٹیمر (بوائلر) کے اچانک پھٹنے سے دو انجینئر موقع پر ہی جان کی بازی ہار بیٹھے، جبکہ ایک دیگر انجینئر بری طرح زخمی ہو گیا۔ عینی شاہدین کے مطابق تینوں انجینئر کولڈ اسٹوریج میں سٹیمر کی مرمت اور اس کی دوبارہ تنصیب کے کام میں مصروف تھے کہ یکا یک زوردار دھماکہ ہوا۔ دھماکے کی آواز دور دور تک سنائی دی، جس کے/3

## ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا پاکستان کو تشدد ختم کرنے کا مشورہ

### کہا کہ ہم پرامن لوگ ہیں اور امن چاہتے ہیں، اب بہت ہو چکا

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے واضح الفاظ میں کہا کہ اب بہت ہو چکا اور پاکستان کو چاہیے کہ وہ جموں وکشمیر میں تشدد کے سلسلے کو ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ دہشت گردی میں کافی حد تک کمی آئی ہے تاہم پاکستان کی جانب سے جموں وکشمیر کو بھارت کا اٹوٹ حصہ تسلیم نہ کرنا خطے میں تشدد کو ہوا دے رہا ہے۔ خبر رساں ادارے پی ٹی آئی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ میرا دونوں ممالک، اپنے ملک اور پاکستان کیلئے مخلصانہ مشورہ ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ ہم تشدد کا راستہ چھوڑ کر امن کی راہیں تیار کریں تاکہ ہم عزت اور وقات کے ساتھ جی سکیں۔ انہوں نے پہلگام حملے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس واقعے نے خطے میں بھائی چارے کو فروغ دینے کی کوششوں کو شدید دھچکا پہنچایا، تاہم اس کے بعد عوام خود بخود سڑکوں پر نکل آئے اور انہوں نے واضح پیغام دیا/11



## گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ کے میڈیل سپرنٹنڈنٹ اٹیچ

### ان کی جگہ پر ڈاکٹر بلال مشرف بانڈے کو تعینات کرنے کا حکم جاری

سرینگر/ یو پی آئی/ محکمہ صحت و میڈیکل ایجوکیشن نے گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ کی انتظامیہ میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی تقرری اور سابق سپرنٹنڈنٹ کی تبادلے کا حکم جاری کیا ہے۔ یہ تبدیلیاں مریضوں کی بہتر نگہداشت اور اسپتال انتظامیہ کی کارکردگی کو مضبوط بنانے کے مقصد سے کی گئی ہیں۔ سرکاری حکم نمبر 388 مورخہ 29 اپریل کے مطابق، ضلع اسپتال بڈگام میں تعینات کنسلٹنٹ پیتھالوجی ڈاکٹر بلال مشرف بندے کو جی ایم سی اننت ناگ میں ڈیپیوٹ کر کے اسپتال کے نئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اسی دوران، موجودہ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ارشد حسین صدیقی کو اُن کے عہدے سے ہٹا کر ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ سروسز کشمیر، سرینگر کے ساتھ منسلک کر دیا گیا ہے۔

## پاکستان ”بین الاقوامی دہشت گردی“ کا مرکز بن چکا ہے/ راجناتھ سنگھ

### دنیا بھارت کو ”انفارمیشن ٹیکنالوجی“ میں عالمی رہنما تسلیم کرتی ہے



سرینگر/ یو پی آئی/ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے جمعرات کے روز قومی سلامتی سمٹ میں خطاب کرتے ہوئے پاکستان پر سخت تنقید کی اور کہا کہ دنیا آج بھارت کو ”انفارمیشن ٹیکنالوجی“ میں عالمی رہنما کے طور پر تسلیم کرتی ہے، جبکہ پاکستان نے خود کو ”انٹرنیشنل ٹیررزم“ یعنی بین الاقوامی دہشت گردی کے مرکز کے طور پر پیش کیا ہے۔ ان کے اس بیان نے نہ صرف بھارت کی بدلتی ہوئی دفاعی حکمتِ عملی کو اجاگر کیا بلکہ پاکستان کے حوالے سے نئی دہلی کے بدلتے ہوئے لہجے کی بھی واضح عکاسی کی۔ راجناتھ سنگھ نے کہا کہ بھارت اور پاکستان نے ایک ہی دن آزادی حاصل کی تھی، لیکن آج دونوں ملکوں کی بین الاقوامی شناخت میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ "بھارت آئی ٹی — انفارمیشن ٹیکنالوجی — کے لئے جانا جاتا ہے اور پاکستان آئی ٹی — انٹرنیشنل ٹیررزم — کے لئے"، انہوں نے طنزیہ انداز میں کہا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی سرزمین سے جنم لینے والی دہشت گردی نہ صرف بھارت بلکہ پوری دنیا کے امن کے لیے ایک بڑا چیلنج ہے۔ اپنے خطاب میں/5

## سوشل میڈیا پر قابل اعتراض ویڈیو وائرل ہونے کے معاملہ پر کارروائی

### جموں وکشمیر پولیس کی سائبر ونگ کی طرف سے نامعلوم افراد کے خلاف FIR درج

سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر پولیس کی سائبر ونگ نے سوشل میڈیا پر مرحوم علیحدگی پسند رہنما سید علی گیلانی کی ایک ویڈیو شیئر کیے جانے کے معاملے میں نامعلوم افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی ہے۔ حکام کے مطابق ویڈیو میں مبینہ طور پر علیحدگی پسند نظریات کو فروغ دیا گیا ہے، جس کے پیش نظر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ یو این ایس کے مطابق پولیس ذرائع کے مطابق یہ قدم اس وقت اٹھایا گیا جب التجا مفتی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر مرحوم گیلانی کی ایک پرانی ویڈیو شیئر کی۔ ویڈیو شیئر کرتے ہوئے انہوں نے لکھا کہ وہ گیلانی صاحب کے نظریات سے اتفاق نہیں کرتیں، تاہم اردو زبان کی اہمیت پر ان کی بات قابلِ غور ہے۔ واضح رہے کہ التجا مفتی نے گزشتہ روز محکمہ مال میں بھرتیوں کے لیے اردو زبان کی شرط ختم کیے جانے کے خلاف احتجاج کی قیادت بھی کی تھی، جس کے بعد یہ معاملہ مزید توجہ کا مرکز بن گیا۔ حکام کے مطابق سائبر ونگ نے اس معاملے میں بی این ایس کی دفعہ 152 کے تحت مقدمہ درج کیا ہے اور ویڈیو اپ لوڈ کرنے والے افراد کی شناخت کے لیے تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ادھر اس/10

## لداخ پہنچنے پر مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ کا سواگت

### جمعہ کو بودھ پورنیما کے موقع پر مقدس آثار کی زیارت کریں گے



سرینگر/ یو پی آئی/ مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ جمعرات کو لداخ پہنچے جہاں وہ بھارت میں پہلی بار منعقد ہونے والی بھگوان بدھ کے مقدس آثار کی بین الاقوامی نمائش میں شرکت کریں گے۔ ان کے استقبال کے لیے لیفٹیننٹ گورنر لداخ وی کے سکسینہ نے کوشوک باکولا رنپوچے ایئرپورٹ پر روایتی اعزاز پیش کیا، جبکہ پولیس اور سول انتظامیہ کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ اپنے دو روزہ دورے کے دوران وزیر داخلہ جمعہ کو بودھ پورنیما کے موقع پر مقدس آثار کی زیارت کریں گے۔ اس کے علاوہ وہ کرگل میں 10 ہزار لیٹر یومیہ صلاحیت والے ڈیری پلانٹ کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے اور ڈیری سیکٹر سے متعلق مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ امیت شاہ نے ایکس پر اپنے پیغام میں کہا کہ بھارت میں پہلی بار منعقد ہونے والی اس نمائش میں شرکت ان کے لیے روحانی طور پر ایک بڑی سعادت ہے، جہاں دنیا بھر کے عقیدت مند بھگوان بدھ کے آثار کی زیارت کریں گے۔ بدھ مت کے انتہائی مقدس پیپراہوا ریلیکز بدھ کو خصوصی انڈین ایئر فورس طیارے کے/8

## جموں سرینگر وندے بھارت کی حفاظت کیلئے 21 اہلکار تعینات

### کوراس کمانڈوز بھی سیکورٹی ٹیم کا حصہ/ پرنسپل چیف سیکورٹی کمشنر

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں، بارہمولہ 327 کلومیٹر لمبی ریلوے لائن کی کثیر سطحی سیکیورٹی کے علاوہ جموں—سرینگر وندے بھارت ٹرین کی حفاظت کے لیے 21 سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جن میں ریلوے پروٹیکشن فورس کے خصوصی کوراس کمانڈوز بھی شامل ہیں۔ اس بات کی جانکاری ریلوے پروٹیکشن فورس کے پرنسپل چیف سیکیورٹی کمشنر پنکج گنگوار نے افتتاحی تقریب کے موقع پر دی۔ مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو نے جمعرات کو 20 کوچوں پر مشتمل اس جدید ٹرین کو جموں توی ریلوے اسٹیشن سے فلیگ آف کیا۔ افتتاح کے وقت وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور مرکزی وزیر ڈاکٹر جیتندر سنگھ بھی موجود تھے۔ نئی ٹرین سروس سے جموں اور سرینگر کے درمیان سفر کا وقت کم ہو کر تقریباً پانچ گھنٹے رہ جائے گا۔ سیکیورٹی کمشنر گنگوار نے بتایا کہ ٹرین کی ابتدائی سیکیورٹی کے لیے ”ون پلس ٹوئنٹی“ گارڈ سسٹم نافذ کیا گیا ہے۔ اس ٹیم کی قیادت ایک انسپکٹر کرے گا جبکہ آٹھ آر پی ایف کمانڈوز، جدید اسلحے کے ساتھ، پوری روٹ پر سیکیورٹی یقینی/6

## ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف کا وندے بھارت ٹرین کی آمد پر اظہار مسرت

### اننت ناگ ریلوے اسٹیشن کو بھی مقررہ اسٹاپوں میں شامل کرنے کی مانگ



سرینگر/ اے پی آئی/ جموں سرینگر براہ راست ریل سروس شروع ہونے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اننت ناگ، پونچھ، راجوری حلقے کے ممبر پارلیمنٹ نے اننت ناگ ریلوے اسٹیشن پر اس ٹرین کے اسٹاف مقرر کرنے کا مطالبہ کیا۔ اننت ناگ، پوچھ، راجوری حلقے کے ممبر پارلیمنٹ میاں الطاف لارمی نے جموں سرینگر وندے بھارت ایکسپریس کی توسیع کا خیر مقدم کرتے ہوئے اننت ناگ ریلوے اسٹیشن پر اس ٹرین کیلئے اسٹاپ کا مطالبہ کیا۔ اپنے بیان میں ممبر پارلیمنٹ نے کہا کہ وندے بھارت کی توسیع ایک مثبت قدم ہے تاہم انہوں نے مرکزی وزیر ریلوے اشونی ویشنو سے مطالبہ کیا کہ اننت ناگ ریلوے اسٹیشن کو بھی اس ٹرین کے مقررہ اسٹاپوں میں شامل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس سے قبل بھی وزارت ریلوے سے اس سلسلے میں درخواست کر چکے ہیں اور ایک بار پھر عوامی مفاد میں اس مطالبے کو دہرا رہے ہیں۔ میاں الطاف/9

## رکن پارلیمنٹ انجینئر رشید عبوری ضمانت پر سری نگر پہنچ گئے

سرینگر/ یو این ایس/ بارہمولہ کے رکن پارلیمنٹ شیخ عبدالرشید المعروف انجینئر رشید عبوری ضمانت پر سرینگر پہنچ گئے، جہاں وہ سیدھے صدر اسپتال گئے تاکہ اپنے علیل والد کی عیادت کر سکیں۔ ذرائع کے مطابق دہلی ہائی کورٹ نے 28 اپریل کو انہیں ایک ہفتے کی عبوری ضمانت منظور کی تھی۔ عدالت نے اپنے حکم میں واضح کیا کہ اس دوران وہ یا تو ہسپتال میں اپنے والد کے پاس رہ سکتے ہیں یا اپنے گھر تک محدود رہیں گے۔ یو این ایس کے مطابق عدالت نے سخت شرائط عائد کرتے ہوئے ہدایت دی ہے کہ ان کے ساتھ ہر وقت سادہ لباس میں دو پولیس اہلکار موجود رہیں گے۔ اس کے علاوہ عدالت نے یہ بھی حکم دیا کہ اس دوران قریبی اہلِ خانہ کے علاوہ کسی اور شخص کو ان سے ملاقات کی اجازت نہیں ہوگی۔

## عازمین حج کے فضائی کرایوں میں اضافہ پر اٹھنے والے سوالات

### ہم نے یہ یقینی بنایا کہ یہ اضافہ صرف 100 ڈالر تک ہی محدود رہے



نئی دہلی/ یو این آئی/ وزارتِ اقلیتی امور نے سفرِ حج کے لیئے فضائی کرایوں میں تقریباً دس ہزار روپے کے اضافے پر مختلف میڈیا پلیٹ فارمز پر اٹھنے والے سوالات کے درمیان وضاحت کی ہے کہ عالمی حالات کی وجہ سے بڑھتی ہوئی لاگت کے باوجود حکومت نے بات چیت کے ذریعے کرایوں میں اضافے کو کم سے کم رکھنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ مرکزی وزیر برائے اقلیتی امور کرن رجیجو نے 'ایکس' پر کہا: "لاتعداد خاندانوں کے لیے حج زندگی میں ایک بار پورا ہونے والا وہ خواب ہے جسے انہوں نے برسوں تک اپنے سینے سے لگا کر رکھا ہے۔ میں اس جذبے کا تہہ دل سے احترام کرتا ہوں۔" انہوں نے مزید کہا کہ مسلسل جاری جغرافیائی سیاسی کشیدگی کی وجہ سے ہوائی جہاز کے ایندھن کی قیمتوں میں عالمی سطح پر بھاری اضافہ/7

GOVERNMENT OF JAMMU AND KASHMIR

# HEALTH & MEDICAL EDUCATION DEPARTMENT

**Civil Secretariat, Jammu/Srinagar.**

***Dr. Sajida Begum,***
***Medical Officer Under orders of transfer to EH Vijaypur***

No. HD-Gaz0Gen/82/2026-02 (7723535) Dated: 23.04. 2026

***Subject: Non Compliance of Government Order-Show Cause Notice thereof.***

Whereas, vide Government Order No. 275-JK(HME) of 2026 dated 07.04.2026 among others you were transferred and posted at EH Vijaypur and;

Whereas, you have failed to report for the duties at the new place of posting till date and;

Whereas, this indicates an irresponsible and lackadaisical approach on your part, towards entrusted legal duties/ responsibilities and an outright brazen non-compliance of Government Orders and Directions and;

Whereas, the post of Medical Officer is a UT cadre post, and therefore, a doctor is liable to be posted anywhere across the Union Territory of Jammu & Kashmir in the interest of patient care and healthcare services;

Whereas, further, the decision to post Dr. Sajida Begum, Medical Officer at EH Vijaypur, has been taken in view of the pressing public demand for healthcare services in the area and with the objective of strengthening medical facilities at the said hospital, in the larger interest of patient welfare and equitable healthcare delivery across the UT;

Whereas, such unwarranted conduct in discharging assigned duties, particularly remaining absent without authorization, has adversely affected the healthcare delivery and hampered patient dare services at the health institution.

Whereas; this behaviour is wholly unbecoming of a Government employee, reflecting a disregard towards official responsibilities negatively impacting the functioning of the hospital/health facility and as such, the matter has, therefore, been viewed very seriously by the Competent Authority;

Now therefore, in view of the above, you are directed to report at your new place of posting i.e, EH Vijaypur forthwith and without fail, failing which disciplinary action as warranted under rules shall be initiated against you without any further notice, as the patient care cannot be left unattended in the Hospital/Health Facility.

***(Abdul Raqib Bhat)JKAS***
***Under Secretary to the Government***

***DIPK-914/26 | Dated: 30/04/2026***

GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR

# TOURISM DEVELOPMENT AUTHORITY, SONAMARG

**E-Bid Document (Auction ID: 33655 )**

**Outsourcing of Amusement park including Rope cycling at Sonamarg "as is where is basis" for a period of 03 Years, through GeM Portal.**

**No: CEO/SDA/2026/333-41 Dated: 30 /04/2026.**

For and on behalf of the Lieutenant Governor of J&K Union Territory, e-bids are invited online through GeM Portal for Outsourcing of Amusement park including Rope cycling at Sonamarg "as is where is basis" for a period of 03 Years. The details are as under:-

| S.No | Particulars | Date/Time | Remarks |
|---|---|---|---|
| 1 | PQ (Pre-Qualification) Submission Start Date | 30/04/2026 at 02.00 PM | -NIL- |
| 2 | PQ (Pre-Qualification) Submission End Date | 08/05/2026 at 1.00 PM | -NIL- |
| 3 | PQ (Pre-Qualification) Assessment End Date & | 09/05/2026 at 1.30 PM | -NIL- |
| 4 | EMD Start Date | 09/05/2026 at 2.00 PM | -NIL- |
| 5 | EMD End Date | 11/05/2026 at 11.00 AM | -NIL- |
| 6 | EMD (Bid Security) Amount in shape of CDR/FDR/DD | Rs. 30000/- (Rupees Thirty Thousand only) | To be pledged in favour of Accounts Officer, Sonamarg Development Authority |
| 7 | Bid Submission/Auction Start Date | 11/05/2026 at 11.30 AM | -NIL- |
| 8 | Bid Submission/Auction End Date & Time | 12/05/2026 at 1.00 PM | -NIL- |
| 9 | Reserve bid amount | Rs. 4.90 Lacs (Rupees Four Lacs Ninety Thousand Only) | -NIL- |

**PRE-QUALIFICATION (PQ) CRITERIA (TO BE UPLOADED ON GeM PORTAL)**

1. The bidder should be a domicile of J&K and shall upload a valid domicile certificate.
2. The bidder shall have to upload a Character Certificate from the concerned Police Station or alternatively copy of a valid Passport.
3. The bidder shall have to upload self-attested PAN Card, Aadhar Card.
4. The bidder shall upload Average Annual Financial Turnover Statement of last three years ending of previous financial year & should be at least 50% of basic bid amount.
5. The bidder shall have to upload Income Tax return of last three financial years.
6. The bidder shall have to upload undertaking that if found successful after the culmination of auction process as per following:

I. That I shall abide by the all terms & conditions of the contract.
II. That I will deposit the offered bid amount within a period 03 days after culmination of auction, failing which result in automatic cancellation without notice along with forfeiture of CDR.
III. That I will handover the asset in good condition as received from the department on the day of expiring of auction contract.
IV. That I will not approach the Courts for extension of contract period.

7. The bidder has to upload FSSAI & GST registration certificate/return.

**Terms and Conditions:**

1. The interested parties should compulsorily visit & inspect the asset before participating in the e-bidding process and the physical position of the site/asset shall stand on "as is where is" basis. As such, no claim of any deficiency, addition, alteration, rectification in the asset would be entertained during/after bidding process.
2. The bidder participating in the e-bid process must apply in his name or the firm name duly registered in his name.
3. Eligible persons shall be allowed to participate in the e-bidding process only after uploading of relevant documents mentioned in the Eligibility Criteria and EMD (after qualifying Pre-Qualification) in the shape of CDR, amounting to Rs. 30,000/- (Rupees Thirty Thousand Only) pledged in favour of Accounts Officer, Sonamarg Development Authority.
4. There will be an escalation of 15% compounding on the offered bid amount of previous years for each successive year and thereafter to be deposited before two months from the start of every year. The bid offers should be above the minimum reserve bid.
5. The minimum reserve bid has been fixed at Rs. 4.90 Lacs (Rupees Four Lac Ninety Thousand only). However, the bidder has to pay GST @ 18% of the offered bid and also for the successive years on compounding amounts including 15% escalation every year. All other applicable taxes shall be paid by the bidder on its own under an intimation to this office.
6. Previous defaulters shall not be allowed to participate in the bidding process.
7. The period of outsourcing shall be on license basis for a period of 03-years which will commence from the date of issuance of the formal allotment letter.
8. The successful bidder shall have to deposit 100% of the offered bid for the 1st year within a period of three days positively.
9. The successful bidder has to install amusement and other recreational activities in the park (pollution free) and has to take prior permission before start of the operation. Without the explicit permission of CEO Sonamarg Development Authority, the successful bidder shall not install any other activity within the premises of the parks.
10. The contract shall be awarded for one year in the first instance and renewal of the same shall be subject to depositing of rentals for the each successive year in advance including 15% escalation on compounding amount before the expiry of the 1st year contract.
11. In case the successful bidder fails to fulfill the term of contract, or leaves the contract half way or the contract is cancelled due to any disqualifications/non-payment of advance rent, the CDR shall be forfeited.
12. The safety, security and upkeep and watch & ward of the asset shall be sole responsibility of outsourcee during the period of contract. The successful bidder shall ensure all safety measures like firefighting equipments, first aid kid etc. Sonamarg Development Authority shall not be responsible for any loss of life and property within the asset during the period of the contract.
13. The out-sourcing committee/SDA reserves the right to reject any or all the e-bids without assigning any reason thereof.
14. The successful bidder shall have to charge rates for various allotted services as per approval of the SDA from time to time.
15. The electric/water consumption charges shall be payable by the outsourcee & CDR shall be released after obtaining NOC from PHE & PDD.
16. The bidder should not be employee in any Govt. Deptt. or a Public Sector undertaking.
17. The successful bidder shall have to execute an agreement with CEO, Sonamarg Development Authority regarding adherence to the terms and conditions as may be prescribed by the Department during the course of the contract period. The bidder shall have to bear all the costs and expenses for executing this agreement/license deed.
18. The successful bidder shall have to handover the property to the CEO, Sonamarg Development Authority after completion of contract period with the list of inventory, received by him at the time of allotment/taking over.
19. The licensee shall not make any alterations or additions to the space/unit allotted, without seeking written permission from the CEO, Sonamarg Development Authority.
20. The successful bidder shall arrange on his own all necessary stationery, staff or any other requirements for providing efficient services to the clients.
21. The Licensee shall provide necessary uniform & name plates to the staff working in the premises & shall be responsible for any unfair act of the staff member for which, he shall be liable for criminal/civil action under rules/law if any required.
22. The Watch and ward of the property, maintenance of lawns and other subsidiaries and landscape, if any, shall be the sole responsibility of the licensee.
23. The licensee shall not, in any case, sub-let the premises to any other party.
24. The successful bidder shall have to provide services to the best satisfaction of tourists/locals. The bidder shall have to ensure that there isn't any complaint of misbehavior with the visitors/locals or by any of the staff member employed by the bidder in this regard. In case any complaint is received, action as warranted under rules shall be initiated against the bidder and penalty shall be imposed upon the defaulters.
25. In case of any negligence in running the service or compliant pertaining to bad performance, the contract shall be terminated without any notice by the department.
26. The allotted premises shall be inspected periodically by the departmentally authorized officers and in case the services of the licensee are not found satisfactory, the contract shall be liable for cancellation without any notice.
27. Any damage caused to the Government property at the site will invite penalty amounting to double the cost of damage or replacement of the same whatever the case may be, as per assessment to be made by the CEO, Sonamarg Development Authority.
28. The Department shall reserve the right for using the space for any purpose or function or event as it may deem fit and no fee shall charged by the licensee in this regard.
29. The Department shall reserve the right for installation and outsourcing of any other activity within the premises of the park.
30. The successful bidder will have to abide by all the orders/communications issued by Department from time to time during the period of contract as may necessitated in light of public unrest and law & order, security and in case of any other Administrative requirements.
31. The successful bidder shall ensure arrangement of furniture, electricity back up and availability of standard crockery/cutlery in the unit, on his own.
32. During the contract period the maintenance of the asset/area, watch and ward as well as upkeep and daily cleaning/sweeping shall be the sole responsibility of the licensee.
33. The successful bidder/License shall strictly adhere to all rules and regulations regarding commercial establishment, sanitation in vogue with focus on preservation of environment etc. within the territorial area and shall clear all applicable taxes like GST/IT etc. within the stipulated time. Any default on this account will be the sole responsibility of the successful bidder.
34. Any dispute arising out of or in connection with the contract, including any question regarding its existence, validity or termination, shall be referred Arbitration of Administrative Secretary incharge Tourism Department, Government of J&K, whose decision shall be final & binding upon the parties. The proceedings of the Arbitration shall be conducted under the provisions of the J&K, Arbitration & Conciliation Act, 1997 & rules and its amendment if any, framed there under.
35. Any natural or Anthropogenic/manmade calamity occurs. The highest bidder/ licensee shall not seek extension of lease or relaxation, nor such claims shall be entertained by Sonamarg Development Authority.
36. If the bidder intends to withdraw the agreed contract, he shall have to notify the Chief Executive Officer, Sonamarg Development Authority before three months without claim for refund of existing contract year.
37. If any minor repairs of the assets such as electrification, sanitary maintenance etc are to be done and these will be carried out by the licensee at his own cost, however, after seeking permission from the competent authority as per the direction of the inspecting authority from time to time which will help in maintenance of the asset.
38. Any bid submitted in contravention of the prescribed terms and conditions, guidelines, or procedures governing the e-auction process shall be treated as non-responsive and liable for outright rejection without any reason. Further, any bidder found to have violated the established e-auction rules, engaged in unfair practices, or submitted bids inconsistent with the notified business rules shall be liable to be debarred/blacklisted from participating in the present as well as future bidding processes of the Authority for a period as deemed appropriate by the competent authority.
39. No extensions shall be granted. The asset shall be outsourced afresh at the end of the license term.
40. The successful bidder has to run the asset as per the norms and conditions as prescribed within Tourist Trade Act in vogue.
41. The Authority shall not be responsible for any monitory loss due to any climate untowardness or due to any other reason.

***DIPK-NB-323/26***
***Dated: 30/04/2026***

***Sd/- Chief Executive Officer***
***Sonamarg Development Authority***

# اقوام متحدہ کے سربراہ کا انتباہ، مشرق وسطیٰ میں کشیدگی عالمی معیشت کیلئے خطرہ

نیویارک، 30 اپریل (یو این آئی) مشرق وسطیٰ میں بڑھتے ہوئے تنازعہ کے عالمی سطح پر سنگین نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے خبردار کیا ہے کہ صورتحال "ہر گزرتے گھنٹے" کے ساتھ ابتر ہوتی جا رہی ہے، بالخصوص آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں کی آمد و رفت پر پابندیوں نے بحران کو مزید بڑھا دیا ہے۔ جمعرات کے روز صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انتونیو گوتریس نے کہا کہ یہ بحران ایک خطرناک مرحلے میں داخل ہو چکا ہے۔ جہاز رانی کے حقوق اور تجارتی راستوں میں رکاوٹیں عالمی استحکام اور معاشی سلامتی کے لیے بڑا خطرہ ہیں۔ اقوام متحدہ کے سربراہ نے ایک سخت انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا کہ اگر یہ تنازعہ طویل ہوا تو عالمی معیشت کساد بازاری کی طرف جا سکتی ہے، جس کے انسانی اور سیاسی نتائج انتہائی ہولناک ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر رکاوٹیں سال کے آخر تک برقرار رہیں، تو ہم ایک عالمی کساد بازاری کے سائے تلے ہوں گے، جس کے لوگوں، معیشت اور سیاسی و سماجی استحکام پر ڈرامائی اثرات مرتب ہوں گے۔ مسٹر گوتریس نے زور دے کر کہا کہ یہ نتائج محض جمع نہیں ہو رہے بلکہ رفتار سے بڑھ رہے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ صورتحال تیزی سے قابو سے باہر ہو سکتی ہے۔ انتونیو گوتریس نے تنازعہ کے انسانی پہلوؤں پر بھی روشنی ڈالی اور خبردار کیا کہ یہ برسوں کی ترقیاتی پیش رفت کو برباد کر سکتا ہے۔ اقوام متحدہ کے تخمینے کے مطابق، اس بحران کی وجہ سے 32 ملین (3 کروڑ 20 لاکھ) افراد غربت کی لکیر سے نیچے جا سکتے ہیں۔

Government of Jammu & Kashmir

# OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER PW (R&B) DIVISION SHOPIAN

**NOTICE INVITING TENDER CIVIL WORKS SINGLE COVER SYSTEM (up to Rs.2.50 Corers)**

NIT No: 06/741-50/RnB/ SPN /e-Tendering/2026-27 Dated:- 29-04-2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In single cover system) are invited on Item rate/Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways and other State/Central Governments for the following works:-

| S. No | Name of Work | Major Head of Account | Adv Cost (Rs in lacs) | Earnest Money Deposit (Rs) | Class of Contractor | Time of Completion | Cost of T/Doc (Rs.) | AAA No. Date | TS No. Date |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Construction of Computer Room, Science Room and ACR at High School Bohrihallan Payeen | Samagra Shiksha | 53.173 | 1,06,346/- | AAY | 09 Months | 1600/- | 314-Chirag of 2025 Dated: 01-12-2025. (S. No:-2160, 2161, 2162) | 05/SE/PS of 2026-27 Dated: 18-04-2026 |
| 2 | Construction of Computer Room, Library Room and ACR at High School Zampathri | Samagra Shiksha | 60.646 | 1,21,292/- | AAY | 09 Months | 1600/- | 314-Chirag of 2025 Dated: 01-12-2025. (S. No:-2173,2175, 2176) | 07/SE/PS of 2026-27 Dated: 18-04-2026 |
| 3 | Construction of Computer Room, Library Room and Science Room at High School Rawalpora | Samagra Shiksha | 60.488 | 1,20,976/- | AAY | 09 Months | 1600/- | 314-Chirag of 2025 Dated: 01-12-2025. (S. No:-2210,2211, 2212) | 06/SE/PS of 2026-27 Dated: 18-04-2026 |
| 4 | Construction of Science Room and Library Room at High School Sindo Shirmal | Samagra Shiksha | 42.697 | 85,394/- | BEE/AAY | 07 Months | 1100/- | 314-Chirag of 2025 Dated: 01-12-2025. (S. No:-2169, 2170) | 08/SE/PS of 2026-27 Dated: 18-04-2026 |

Position of funds:- Committed Project Authority= Project Director, Smagra Shiksha J&K.

1. The Bidding documents consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.iktenders.aov.in as per schedule of dates given below-

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | Date of Issue of Tender Notice | 29-04-2026 | |
| 2 | Document downloading Start Date. | 30-04-2026 | From 10:00 A.M |
| 3 | Document Downloading End Date. | 15-05-2026 | upto 2:00 P.M |
| 4 | Bid submission Start Date. | 30-04-2026 | From 10:00 A.M |
| 5 | Bid Submission End Date. | 15-05-2026 | upto 2:00 P.M |
| 6 | Date & time of opening of Bids (Online) | 16-05-2026 | at 10:00 A.M |

2. Bids must be accompanied with cost of Tender document (as mentioned above) in shape of e-Challan/treasury challan /Demand Draft deposited in M.H. 0059 in favour of Executive Engineer R&B Division Shopian._ (Name of Work/NIT Number to be mentioned on the Treasury Challan / Receipt)

Note:- The Date of Treasury Challan must be between the date of start of bid and Bid Submission End date. Any deviation shall render the bidder as Non-responsive.

2.1 At the time of tendering, all bidders must upload earnest money/bid security equal to 2% of the Advertised Cost in the form of CDR/FDR/BG pledged to the tender receiving authority, i.e. Executive Engineer R&B Division Shopian. The successful bidder will have to provide Performance Security @ 5% at the time of contract award, strictly in accordance with the Government's circular instructions from time to time. The earnest money/bid security of 2% will be released to the successful bidder only after the submission of a Performance Security of 5% of the Bid cost, which will be released after successful completion of the DLP/Maintenance Period.

3. The date and time of opening of Financial Bids of a responsive bidder shall be notified on Web Site www.jktenders.gov.in and conveyedto the bidders automatically through an e-mail message on their e-mail address.

4. The bids for the work shall remain valid for a period of 120 days from the date of opening of Technical bids.

5. The earnest money shall be forfeited If:-

a) Any bidder/ tenderer withdraws his bid/ tender during the period of bid validity or makes any modifications in the terms and conditions of the bid.
b) Failure of Successful bidder to furnish the required performance security within the specified time limit.
c) Failure of Successful bidder to execute the agreement within 28 days after fixation of contract.

***Sd/-Executive Engineer***
***(R&B) Division Shopian***

***DIPK-899/26***
***Dated: 30/04/2026***

# OFFICE OF THE DISTRICT PANCHAYAT ELECTION OFFICER

# (Deputy Commissioner, Pulwama)

**Ph: 01933-240354 & 01933-241043, Email: entpulwama@nic.in**

**(Greater Participation for Stronger Democracy)**

**PUBLIC NOTICE**

***Subject:- Revision of Panchayat Electoral Rolls with reference to 01-04 2026 as the Qualifying date-Extension of date for filling claims/ Objections and other activities thereof.***

The Hon'ble State Election Commissioner UT of J&K has extended period of revision of Panchayat Electoral Roll 2026 with reference to 01-04-2026 as qualifying date as under:

| S.No | Activity | Timeline |
|---|---|---|
| 01 | Period of filling of claims and objections for Additions/Deletions/Corrections/Transportation in the Panchayat Electoral Rolls | 27-03-2026 (Friday) to 05-05-2026 (Tuesday) |
| 02 | Special Camps at the Polling Booth Locations (The Panchayat Election Booth Officals (PEBO i.e, VLw/MPW/GRS) along with the Assembly BLOS, shall remain available at the Polling Booth Locations with the requisite Forms and Panchayat draft Roll for the guidance of the electors. | 02-05-2026 (Saturday) 03-05-2026 (Sunday) |
| 03 | Disposal of Claims and Objections by ERO | Till 14-05-2026 (Thursday) |
| 04 | Publication of Final Panchayat Electoral Roll-2026 | 21-05-2026 (Thursday) |

Any claim for inclusion of a name in the Electoral Roll or any objection to the particulars in the entry should be lodged from 27-03-2026 to 05-05-2026. All forms viz. Form-PER- 2A (Additions), Form-PER-2B (Deletion), Form-PER-2C (Correction) and Form-PER 2D (Transposition) can be had from Office of the District Panchayat Election Officer (Deputy Commissioner) Pulwama (ERO), Additional Deputy Commissioner Tral/Awantipora (EROS)/ Assistant Commissioner (Rev) Pulwama (ERO), Assistant Commissioner Dev Pulwama (ERO) and Assistant Electoral Registration Officer (Block Development Officer) Tral/Aripal /Awantipora /Pampore /Kakapora/Pulwama/Lassipora/ Achgoza/ Shadimarg /Dadasara/ Newa.

As per the schedule two more special camps shall be organized at the Polling stations across the District on the dates mentioned above. All the Panchayat Election Booth Officials (PEBOs i.e VLW/MPW/GRS) along with Assembly BLOs shall remain present at their respective Poling Booth Locations with the requisite forms and draft Panchayat Roll for the guidance of electors during above mentioned special camps.

***District Panchayat Election Officer,***
***(Deputy Commissioner) Pulwama.***

***DIPK-936/26***
***Dated: 30/04/2026***


# HQ District Police, Kupwara, UT of J&K.

**Email: dpokupwara@jkpolice.gov.in**

**NO:- CRB/Lookout Notice/2026/ 24648-99** **Dated: 29/04/2026**

# LOOKOUT NOTICE

As intimated by SHO P/S Karnah vide letter No. 1418/5-A/PSK/2026 28-04-2026, that accused dated case Raja Zahoor Akbar S/O Raja Gh Akbar R/O Teetwal is involved in commission FIR No. of 17 crime. & 18/2023 Despite U/S 8/21, 29 NDPS Act of P/S Karnah and is absconding after ascertained strenuous efforts, whereabouts of the said accused are not is as under:

| Description Roll | Photograph |
|---|---|
| Name: Raja Zahoor Akbar<br>Parentage:- Raja Gh Akbar<br>Address:- Teetwal Karnah<br>Age:- 42 years<br>Height: - 5 Feet 8 Inch<br>Complexion: - whitish<br>Build:- Normal |  |

It is therefore requested that a sharp lookout may please be maintained and if traced out or any clue leading to the whereabouts of said absconding accused, immediate information may kindly be shared on the below mentioned Email/phone No's. Email: dpokupwara@jkpolice.gov.in

**PCR Kupwara:- 7051404938**
**SHO P/S Kupwara: 7051404924**
**PS Kupwara:- 7051404925**

***(Syed Al-Tahir Gilani)-JKPS***
***Sr. Superintendent of Police, Kupwara***

***DIPK-928/26***
***Dated: 30/04/2026***

